آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ

AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

# کلماتِ امریہ

# Command Words

## تمام مضامین کے لیے ایک مشترکہ فہرست

## A Common List for All Subjects

| صفحہ نمبر<br>**Page No** | عنوانات<br>**Table of Contents** |
|---|---|
| 3 | تعارف<br>Introduction |
| 4 | تفہیمی سطح اور کلماتِ امریہ<br>Cognitive Level and Command Words |
| 4 | جاننا<br>Knowledge |
| 5 | سمجھنا<br>Understanding |
| 9 | اطلاق اور دیگر اعلیٰ درجے کی ادراکی مہارتیں<br>Application and Other Higher Order Skills |
| 19 | اضافی الفاظ (تمام تفہیمی سطحوں کے لیے)<br>Additional Words (Across Cognitive Levels) |
| 20 | حوالہ جات<br>References |


For Teaching and Learning Only

## تعارف

آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ اپنے نصاب میں تفہیمی سطح سے متعلق توقعات کو واضح کرنے کے لیے کلماتِ امریہ کا استعمال کرتا ہے۔ اس کے علاوہ کلماتِ امریہ کا استعمال اس لیے بھی کیا گیا ہے تاکہ ان مہارتوں کی وضاحت کی جاسکے جن پر عبور طلبہ کو ثانوی اور اعلیٰ ثانوی سطح پر حاصل کرنا چاہیے اور جنھیں ثانوی اور اعلیٰ ثانوی کے سالانہ امتحانات میں جانچا جاتا ہے۔ ہر تعلّمی حاصلِ طلبہ کا آغاز کلمۂ امریہ سے ہوتا ہے اور جس کے لیے ایک تفہیمی سطح مختص کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ان (کلماتِ امریہ) کا استعمال امتحان میں پوچھے گئے سوالات میں بھی کیا جاتا ہے۔

آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ میں استعمال ہونے والے ہر کلمۂ امریہ کی توقعات کو پورا کرنے کے لیے کلماتِ امریہ کی ایک جامع فہرست تیار کی گئی ہے تاکہ تدریس، سیکھنے اور جانچ پڑتال کو ایک دوسرے سے مربوط کیا جاسکے۔ یہ فہرست آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی سرٹیفکیٹ میں استعمال کے لیے ترتیب دی گئی ہے۔ تاہم یہ فہرست اُن تمام سکولوں کے لیے بھی مفید ثابت ہوگی جو مڈل اسکول پروگرام کا حصّہ بن کر ثانوی سرٹیفکیٹ کے لیے منسلک ہونے کے خواہش مند ہیں۔

## Introduction

Aga Khan University Examination Board (AKU-EB) uses command words in its syllabi to clarify expectations regarding the cognitive levels and skills which should be acquired by the students and which are assessed in its examinations. Each Student Learning Outcome (SLO) starts with a command word and is accordingly assigned one cognitive level. Moreover, these are also often used in examination questions.

This comprehensive list of command words has been produced to clarify the demands of each command word used by AKU-EB and hence align teaching, learning and assessment. It has been produced for use in AKU-EB's Secondary School Certificate (SSC) and Higher Secondary School Certificate (HSSC). However, it will also be beneficial for schools taking Middle School Programme (MSP) to create a smooth progression onto SSC.

For Teaching and Learning Only

# تفہیمی سطح اور کلماتِ امریہ

# Cognitive Levels and Command Words

**جاننا**

**Knowledge**

اس میں معلومات کو یاد کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر حقائق اور اشکال، کلیدی اصطلاحات، نظریات اور تصوّرات وغیرہ کی یاد دہانی۔

This requires retrieving learnt information, for example, recall of facts and figures, terminologies, key ideas, concepts, etc.

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمۂ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | ایک رسمی بیان یا متبادل متن پیش کرنا جو مختصراً مطلب ادا کر دے، تاہم مثالوں کی ضرورت نہیں ہے<br>To give a formal statement or equivalent paraphrase that precisely conveys the meaning; examples are not required | تعریف کرنا<br>Define | 1 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | معلومات کو نکات میں تحریر کرنا۔ کسی وضاحت یا ترتیب کی ضرورت نہیں ہے<br>To write information in points. No explanation or sequence is required | فہرست مرتب کرنا<br>List | 2 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کسی لفظ یا مختصر جملے کی صورت میں جواب دینا<br>To give a brief response, mostly as a word or phrase | نشان دہی کرنا/ درج کرنا<br>Mention | 3 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | اصطلاحات کو مختصر اور جامع انداز میں تحریر کرنا/ کم سے کم یا بغیر کسی دلیل کے جواب دینا<br>To express in precise terms, with little or no supporting argument | اظہار کرنا/ جواب دینا/ تحریر کرنا<br>State | 4 |

تفہیمی سطح '**جاننا**' کی جانچ کے لیے مذکورہ اضافی الفاظ استعمال کیے جاسکتے ہیں: کون، کب، کہاں، کیا، نشان لگانا/ چسپاں کرنا۔

Additional words that can be used to evaluate **knowledge:** who, when, where, what, label

For Teaching and Learning Only

## سمجھنا

## Understanding

اس میں نئی معلومات کو سابقہ علم سے بامعانی انداز میں وابستگی کی ضرورت ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر نمونوں کو دیکھنا، اجزا کو ترتیب دینا، روابط قائم کرنا، خلاصہ بیان کرنا، شہادتیں تلاش کرنا وغیرہ۔

This requires associating new information to prior knowledge in a meaningful way, for example, by seeing patterns, organising parts, making links, summarising, finding evidence, etc.

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمۂ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | معلومات / عناصر / ساختوں وغیرہ کی پہلے سے متعارف کردہ معیارات اور خصوصیات کے ذریعے درجہ بندی کرنا<br>To group information/ elements/ organisms/ etc. into categories with predefined characteristics or criteria | درجہ بندی کرنا<br>Classify | 1 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | دو یا زیادہ اجسام، حالات اور مظاہر میں یکسانیت اور فرق کو بیان کرنا<br>To mention the similarities and differences between two or more items, situations or phenomena | موازنہ کرنا<br>Compare | 2 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کسی واقعہ، مسئلہ، صورتِ حال یا عمل کو سمجھنے کے لائق ہو جانا<br>To be able to understand an event, problem, situation or process | ادراک کرنا / روشناس ہونا / فہم حاصل کرنا<br>Comprehend[1] | 3 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | دو یا زیادہ اجسام، حالات یا مظاہر میں باہمی اختلاف / فرق پیش کرنا<br>To mention differences between two or more items, situations or phenomena | امتیاز کرنا / فرق کرنا<br>Contrast | 4 |

For Teaching and Learning Only

[1] نصاب میں تو استعمال ہوا ہے لیکن امتحانی سوال میں لفظ Comprehend استعمال نہیں ہو گا۔

[1]Used in syllabi but not in examination questions

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمہ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | الفاظ میں (جہاں مناسب ہو اشکال کا استعمال کرتے ہوئے) امتیازی خدوخال، متعلقہ کرداری خواص، اوصاف اور کسی موضوع کے خاص نکات، پیش کردہ صورت حال یا کسی مخصوص تجربے کو بیان کرنا<br>To tell in words (using diagrams where appropriate) the distinguishing features, relevant characteristics, qualities and main points of a topic, a given situation or a specific experiment | بیان کرنا / جزئیات بیان کرنا<br>Describe | 5 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | دو یا زیادہ اجسام / نظریات میں فرق تلاش کرنا<br>To find dissimilarity between two or more objects/ ideas etc. | موازنہ و مقابلہ کرنا / فرق کرنا / تمیز کرنا<br>Differentiate/ Distinguish | 6 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | ایسا بیان دینا جو منطقی بھی ہو اور متوازن بھی اور امور و عواقب کا خیال کرتے ہوئے دلائل کا ایک سلسلہ اس میں شامل ہو، نیز فائدے، نقصانات، وجوہات اور نتائج کا ایسا بیان جس کو صفائی کے ساتھ پیش کیا جاسکتا ہو اور جو مناسب شہادتوں کو مدِ نظر رکھ کر پیش کیا گیا ہو<br>To offer an account which is logical and balanced and include a range of arguments, pros and cons, causes and consequences which should be presented clearly and supported by appropriate evidences | تبادلہ خیال کرنا (بحث کرنا)<br>Discuss | 7 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | متعلقہ معلومات پیش کرتے ہوئے (وجوہات، مثالیں وغیرہ) پیش کردہ صورت حال کے بیانات یا تعریفوں کو پھیلانا اور اضافہ کرنا<br>To clarify or enrich given situations, statements or definitions, by providing relevant information (reasons, examples, etc.) | صراحت کرنا / اضافہ کرنا<br>Elaborate | 8 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کسی مخصوص سلسلے / ترتیب شدہ فہرست میں سے ڈھونڈ کر کوئی نام تلاش کرنا یا کسی خاص چیز کی نشان دہی کرنا<br>To name or to specify as in a list following a specific sequence/ order | شمار کرنا<br>Enumerate | 9 |

For Teaching and Learning Only

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمۂ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | مناسب اور متعلقہ مثالیں استعمال کرتے ہوئے کسی تصوّر کی وضاحت کرنا<br>To clarify a concept using appropriate and relevant example(s) | مثال کے ذریعے وضاحت کرنا<br>Exemplify | 10 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | نظریات / حالات / مسائل / عمل اور متعلقہ ضروری معلومات / اطلاعات (اعداد و شمار، حقائق، مثالیں، گراف وغیرہ) کا مفصّل جائزہ پیش کرنا<br>To give a detailed account of ideas/ situations/ problems or process with relevant supporting information (data, facts, examples, graphs, etc.) | وضاحت کرنا<br>Explain | 11 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | پیش کردہ مواد سے مطلوبہ بالکل درست / متعلقہ معلومات اخذ کرنا<br>To draw out the exact/ relevant information needed from the given content | اخذ کرنا<br>Extract | 12 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | پیش کردہ معلومات، خاص طور سے واقعات کے مطلوبہ سلسلے کی تفہیم کا اظہار کرنا<br>To demonstrate an understanding of the given information, especially the required sequence of events | پیروی کرنا / نقل کرنا<br>Follow | 13 |
| سائنسز اور ریاضی میں<br>Sciences and Mathematics | کوئی منصوبہ یا تجویز یا کلیہ مرتب کرنا اور تمام تفاصیل کی مدد سے فیصلہ کرنا کہ یہ کیسے مکمل ہو گا<br>To develop a plan or proposal and decide all the details of how it will be done | کلیہ بنانا<br>Formulate | 14 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کئی امکانات میں سے سب سے زیادہ مناسب موضوع / خد و خال اور خصوصیات کا انتخاب کرنا<br>To select the most appropriate object/ feature/ characteristics from many possibilities | شناخت کرنا / نشان دہی کرنا<br>Identify | 15 |
| انگریزی میں<br>English | مختلف الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے کسی متن کے تصوّر یا مواد کو دہرانا / کا اعادہ کرنا<br>To repeat the material/ ideas of a text using different words | توضیح کرنا / تشریح کرنا / بیان مکرر کرنا<br>Paraphrase | 16 |

For Teaching and Learning Only

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمۂ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کسی وجود / دعویٰ کے جواز یا صورتِ حال کے پس منظر میں معلومات کے نچوڑ کو تسلیم کرنا<br>To acknowledge the existence or validity of a claim or a situation by extracting or connecting information | تسلیم کرنا / شناخت کرنا<br>Recognise[2] | 17 |
| اردو، انگریزی، اور تاریخ میں<br>Languages, and History | تحریری شکل میں یا زبانی طور پر اعادہ کرنا<br>To retell in spoken or written form | دوبارہ بیان کرنا / دہرانا / از سرِ نو شمار کرنا<br>Recount | 18 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | دو یا زیادہ مختلف نظریات / پہلوؤں / مقداروں میں باہمی تعلقات یا روابط کو ظاہر کرنا<br>To show or make connections or association between two or more different ideas/ aspects/ quantities | تعلق قائم کرنا / ربط پیدا کرنا<br>Relate | 19 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کسی شخصیت یا شے کو تقریری یا تحریری جواب دینا<br>To give a spoken or written answer to somebody or something | جواب دینا<br>Respond | 20 |
| اردو، انگریزی، سائنسز اور تاریخ میں<br>Languages, Sciences and History | نقطۂ آغاز سے کسی چیز کی پیش رفت، تاریخی تسلسل یا فروغ (ارتقاء) کی وضاحت پیش کرنا<br>To give a description of progress, historical sequence or development from the point of origin | کھوج لگانا / تلاش کرنا<br>Trace | 21 |

اضافی الفاظ جو "**تفہیم**" کو ابھارنے اور جانچنے کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں: کیوں اور کیسے

Additional words that can be used to evaluate **understanding:** why, how

[2] ایسی اصطلاح یا معلومات جو نصاب میں تو استعمال ہوئی ہیں لیکن امتحانی سوالات میں نہیں ہوئی ہیں۔

[2] Used in syllabi but not in examination questions

For Teaching and Learning Only

## اطلاق اور دیگر اعلیٰ درجے کی ادراکی مہارتیں

## **Application and Other Higher Order Skills**

اس میں کئی طرح کی ادراکی سطحیں، مثلاً اطلاق، تجزیہ، تالیف، جانچ اور تخلیق شامل ہیں۔ اس میں معلومات یا نئے حالات میں تصوّرات، مسائل کا حل، تعلقات کا تجزیہ، کئی مقامات سے علم کو جوڑنے، نتائج اخذ کرنے، قدر و قیمت کا جائزہ لینا اور ان امور کو نمٹانے کے لیے نئے تصوّرات اور پرانے نظریات کو نئے نظریات تخلیق کرنے کے لیے استعمال کرنا وغیرہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

This includes multiple cognitive levels including application, analysis, synthesis, evaluation and creation. It requires using information or concepts in new situations, solving problems, analysing relationships, relating knowledge from several areas, drawing conclusions, evaluating worth, using old ideas to create new ones, etc.

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمہ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کسی ایک پہلو کو اس کے تنظیمی اجزا میں تقسیم کرنا۔ حمایتی دلائل اور شہادتوں کو استعمال کرتے ہوئے ہر جزو کا گہرائی سے جائزہ لینا۔ اس کا جائزہ لینا کہ جزو کس طرح کُل سے تعلق رکھتا ہے<br>To break an aspect into its constituent parts. Look in depth at each part using supporting arguments and evidences. See how the parts relate to the whole | تجزیہ کرنا/ تنقیدی جائزہ پیش کرنا<br>Analyse/ Critique | 1 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | پیش کردہ صورتِ حال میں کسی تصوّر، اصول، نظریے یا قانون میں تعلق قائم کرنا/ مقام کا تعین کرنا/ کو استعمال میں لانا<br>To relate, place and use an idea, principle, theory or law in a given situation | اطلاق کرنا<br>Apply | 2 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | حاصل شدہ اطلاع اور سیاق مثلاً متصادم نقطۂ نظر یا منفی بمقابل مثبت، قوت و طاقت (خوبی اور صلاحیت) بالمقابل حدود (خامی) پر غور کرتے ہوئے کوئی فیصلہ کرنا<br>To make a judgment by considering available information and context, e.g. conflicting points of view, negative vs. positive, strength vs. limitation | اندازہ لگانا/ جانچنا<br>Assess | 3 |

For Teaching Only

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمۂ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| کیمیا میں<br>Chemistry | تعاملی جانب ایٹموں اور حاصل جانب ایٹموں کی تعداد کو مساوی کرنا<br>To equalise the number of atoms on the reactant side to the number of atoms on the product side | متوازن کرنا<br>Balance | 4 |
| سائنسز اور ریاضی میں<br>Sciences and Mathematics | الجبری یا عددی یا ترسیمی طریقوں کو استعمال کرتے ہوئے جواب (جوابات) حاصل کرنا (ترسیمی مراحل دکھائے گئے ہوں)<br>To obtain the answer(s) using algebraic and/ or numerical and/ or graphical methods (working should be shown) | تحسیب کرنا / حل کرنا<br>Calculate/ Solve | 5 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | چند مخصوص خد و خال اور نقشوں یا کرداری خواص کی بنیاد پر گروہوں میں تقسیم کرنا<br>To divide into groups on the basis of specific features or characteristics | درجہ بندی کرنا<br>Categorise | 6 |
| آرٹ میں<br>Art | کسی فن پارے میں توازن اور ہم آہنگی کو ظاہر کرنا<br>To harmonise/ balance the expression in an artwork | نمونہ بنانا (ڈیزائن)<br>Complement | 7 |
| اردو، انگریزی اور آرٹ میں<br>Languages and Art | خیالات کو منظم کرتے ہوئے کوئی نئی چیز تخلیق کرنا<br>To create something new by organizing thoughts | تخلیق کرنا<br>Compose | 8 |
| کامرس میں<br>Commerce | چند مخصوص اور پہلے سے طے شدہ اقدامات کے ذریعے تحسیب کرنا<br>To calculate by following certain standardized, pre-defined steps | تخمین (کمپیوٹ) کرنا<br>Compute | 9 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | پیش کردہ معلومات یا خیال کے اجزا کو یکجا کرتے ہوئے اور ترتیب دیتے ہوئے کسی تصوّر، نمونہ یا شکل کو منظم خد و خال مہیا کرنا<br>To systematically frame a concept, model or diagram by combining and arranging parts of given information or idea | تعمیر کرنا / ترتیب دینا / مرتب کرنا<br>Construct | 10 |

For Teaching and Learning Only

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمہ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| سائنسز، ریاضی اور کامرس میں<br>Sciences, Mathematics and Commerce | دی گئی معلومات یا مقدار کو ایک شکل سے دوسری شکل میں بدل دینا (ایک نظامِ اکائی سے دوسرے نظامِ اکائی میں تبدیل کرنا)<br>To change information/ quantity from one form into another form (one system of unit to another) | بدل دینا/ تبدیل کرنا<br>Convert | 11 |
| آرٹ میں<br>Art | مواد/ نظریات کی مدد سے کوئی نئی چیز/ فن پارے کو تخلیق کرنا<br>To transform materials/ ideas into a new form | تخلیق کرنا<br>Create | 12 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | سیاق/ شکل/ شناختی اشاروں کی مدد سے معنی کا استخراج کرتے ہوئے کسی نتیجے پر پہنچ جانا<br>To reach a conclusion, by extracting meaning with the help of contextual/ diagrammatical/ structural clues | نتیجہ اخذ کرنا<br>Deduce | 13 |
| آرٹ میں<br>Art | کسی مہارت کا موثر انداز میں استعمال یا اظہار کرنا<br>To use or apply a skill in an effective manner | پیش کرنا<br>Deploy | 14 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | پیش کردہ/ مخصوص ذریعے سے نتیجہ حاصل کرنا یا کوئی تعلق قائم کرنا<br>To obtain a result or establish a relationship from a given/ specified source | اخذ کرنا<br>Derive | 15 |
| آرٹ میں<br>Art | کسی شے کا تصوّر کرنا اور تصوّری خاکہ بنانا<br>To conceive and produce a drawing of something | نمونہ بنانا<br>Design | 16 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کسی واقعہ، صورت حال یا مساوات کے لیے اسباب، اقدار یا وجوہات دریافت کرنا یا ان کی توثیق (تائید) کرنا<br>To find or verify the causes/ value/ reasons etc. for an event/ situation/ equation | متعین کرنا/ تعین کرنا<br>Determine | 17 |

For Teaching and Learning Only

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمۂ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| آرٹ، ریاضی اور سائنسز میں<br>Art, Mathematics and Sciences | مطلوبہ تصوّر / نظام / نمونہ (ماڈل) / مظہر کی تصویر کشی اس طرح کرنا کہ ساخت کی نمائندگی ہو سکے (ترسیم کے لیے اور جہاں کہا گیا ہو وہاں شکل کا پیمانے کے مطابق ہونا)<br>To make a diagram/ structure representing the asked concept/ system/ model/ phenomenon (To scale for graphs and where specified) | شکل بنانا<br>Draw | 18 |
| آرٹ میں<br>Art | حاصل کردہ / شدہ معلومات کو مؤثر انداز میں استعمال کرنا یا نافذ کرنا<br>To utilise the information gained | مؤثر طریقے سے عمل میں لانا<br>Employ | 19 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کسی شے کی صداقت کو دریافت یا ثابت کرنا<br>To discover or prove that something is true | ثابت کرنا / متعین کرنا<br>Establish | 20 |
| سائنسز، ریاضی اور کامرس میں<br>Sciences, Mathematics and Commerce | حقیقت سے قریب تر فیصلہ کرنا / قریبی عددی قیمت معلوم کرنا<br>To make an approximate judgement/ or find an approximate numerical value | تخمینہ لگانا<br>Estimate | 21 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | حاصل شدہ شہادتوں کا جائزہ کسی پیش کردہ اطلاع سے متعلق شناخت کرتے ہوئے اور اِس اطلاع کے پُر اثر پہلو پر بحث کرتے ہوئے اس کی حدود و قیود اور اشاروں سے رائے قائم کرنا<br>To make judgment regarding a given information by identifying and discussing its convincing aspects, limitations and implications, taking into account the evidences available | تشخیص کرنا / رائے قائم کرنا<br>Evaluate | 22 |
| ریاضی میں<br>Mathematics | کسی عدد یا کثیر رقمی کو اس کے اجزائے ضربی میں بدلنا یا توڑنا<br>To resolve or break an integer or polynomial into its factors | اجزائے ضربی بنانا (تجزی)<br>Factorise | 23 |

For Teaching and Learning Only

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>Most Frequently Used In | تعریف<br>Definition | کلمۂ امریہ<br>Command Word | نمبر شمار<br>S.No. |
|---|---|---|---|
| کامرس اور جغرافیہ میں<br>Commerce and Geography | مستقبل میں کسی آنے والے واقعے کا حساب اور تخمینہ لگانا/ موجود اطلاع کی اساس پر مبنی کسی شے کی قدر و قیمت لگانا<br>To calculate and estimate the future event/ value of something based on available information | پیش گوئی کرنا<br>Forecast | 24 |
| کامرس میں<br>Commerce | پیش کردہ معیار کے مطابق کوئی رپورٹ یا دستاویز تیار کرنا<br>To create a report or a document according to the given criteria | پیدا کرنا/ حاصل کرنا<br>Generate | 25 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | مثالوں سے واضح کرنا (شکل/ خاکہ/ بیانیہ/ نقشہ کشی/ ترسیم/ کرداری خاکہ/ کسی شکل کی خاکہ کشی کرنا)<br>To clarify with examples (diagram/ figure/ accounting format/ graph/ character sketch/ sketching of a diagram) | خاکہ کھینچنا<br>Illustrate | 26 |
| آرٹ میں<br>Art | مصوری کے مختلف اجزا (عناصر) کو اس طرح یکجا کرنا کہ وہ نئی شکل میں تبدیل ہو جائے<br>To blend or combine different elements of art and design to create an artwork | شامل کرنا<br>Incorporate | 27 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | پیش کردہ معلومات سے آگے بڑھ کے کسی چیز کی شناخت کرنا جو کہ کُھل کے بیان نا کی گئی ہو۔ دلائل یا شہادتوں سے نتیجہ اخذ کرنا<br>To go beyond the information given to identify what is implied but is not stated. To derive by reasoning or from premises of evidence | نتیجہ اخذ کرنا<br>Infer | 28 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | پیش کردہ معلومات میں سے ظاہری اور پوشیدہ تفصیلات کے درمیان تعلق پیدا کرنا اور متعلقہ نتیجہ/ نچوڑ اخذ کرنا<br>To extract and make connections between explicit and implicit details of the given information and draw relevant conclusions | توضیح کرنا/ تفسیر بیان کرنا<br>Interpret | 29 |

For Teaching and Learning Only

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمۂ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | موئثر شہادت، وجوہات اور مثالیں دیتے ہوئے پیش کردہ مظہر / واقعہ / بیان کی تائید کرنا تاکہ مطلوبہ نتیجے تک پہنچا جاسکے<br>To support the given phenomenon/ event/ statement by providing valid evidences, reasons and/ or examples to reach the asked conclusion | جواز پیش کرنا<br>Justify | 30 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کسی عمل / طریقہ کار / واقعہ کا سائنسی / منظم انداز میں جائزہ لینا<br>To examine a process/ event and note it scientifically/ systematically | مشاہدہ کرنا<br>Observe[3] | 31 |
| سائنسز، ریاضی اور کامرس<br>Sciences, Mathematics and Commerce | کوآرڈی نیٹس کی مدد سے کسی ترسیم (گراف) پر ایک یا ایک سے زائد نکات کے مقام کا تعین کرنا<br>To locate and mark one or more points on a graph by means of coordinates | تعین کرنا<br>Plot | 32 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | اپنی رائے کے مطابق کسی خاص انداز میں کسی شخص یا شے کو بیان کرنا<br>To describe someone or something in a particular way according to one's own opinion | عکاسی کرنا<br>Portray | 33 |
| کامرس میں<br>Commerce | مخصوص اکاؤنٹس / کتابوں، لیجرز (جنرل لیجر کے حوالے میں استعمال شدہ) میں پیش شدہ اطلاع کو درج کرنا (پوسٹ کرنا)۔<br>[متبادل الفاظ: داخل ہونا (انٹر) / انٹریز بنانا / پوسٹ کرنا / مکمل کرنا]<br>To post given information in specified accounts/ books/ ledgers (used in context of general ledger) [Alternate words: Enter/ Make entries/ Post/ Complete] | درج کرنا (پوسٹ)<br>Post | 34 |

For Teaching and Learning Only

[3] یہ معاون کلمۂ امریہ کے طور پر سوالات میں استعمال ہوتا ہے

[3] mostly used as a supporting command word in questions

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمۂ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | پیش کردہ معلومات یا اطلاع کی مدد سے منطقی روابط بناتے ہوئے کسی پیش آنے والے واقعہ یا عمل کا متوقع نتیجہ اخذ کرنا<br>To give an expected result of an upcoming action or event by making logical connections from given information | پیشن گوئی کرنا<br>Predict | 35 |
| کامرس میں<br>Commerce | کسی مناسب طریقہ کار کی پیروی کرتے ہوئے کسی مخصوص سانچے میں کچھ بنانا، مثال کے طور پر حتمی اکاؤنٹ بنانا یا عمومی دفتری اندراجات پُر کرنا<br>To make something in a specific format, following a suitable procedure, such as making final accounts, general journal entries | تیار کرنا<br>Prepare | 36 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | شہادتوں کو استعمال کرتے ہوئے کسی مفروضے / حقیقت / قانون کا جواز قائم کرنا<br>To establish the validity of an assumption/ fact/ law by using evidences | ثابت کرنا<br>Prove | 37 |
| ریاضی میں<br>Mathematics | کسی اظہاریے کی قدر تبدیل کیے بغیر الجبری کسر کے نسب نما سے جذر کو اس طرح ہٹانا کہ اظہاریہ سادہ بن سکے<br>To simplify an expression by removing radicals in the denominator of an algebraic fraction without changing the value of the expression | منطق اختیار کرنا<br>Rationalise | 38 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | قابلِ قیاس آراء / تجاویز پیش کرنا<br>To give plausible suggestions | تجویز کرنا / رائے دینا<br>Recommend/ Suggest | 39 |

For Teaching and Learning Only

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمہ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| کامرس میں<br>Commerce | اکاونٹنگ ریکارڈوں کے کسی ایک سیٹ میں ضروری اندراج کرنا، یہ لفظ رجسٹر میں 'رائٹ اپ' یا 'داخلہ' کی جگہ پر استعمال ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر کسی کیش بک / لیجر / ابتدائی اندراج کے رجسٹر میں سلسلہ وار آمد اور خرچ کا ریکارڈ رکھنا (عمومی دفتری اندراج کے لیے استعمال ہوتا ہے)<br>To make the necessary entries in a set of accounting records; used in place of 'Enter' or 'Write up', e.g. Record a series of transactions in the cash book/ ledger/ books of prime entry. (used for general journal entries) | درج کرنا<br>Record | 40 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کسی غلطی کو درست کرنا۔<br>To correct something that is wrong | اصلاح کرنا / درست کرنا<br>Rectify | 41 |
| آرٹ میں<br>Art | مجوزہ مہارت کو استعمال کرتے ہوئے تصویر کشی / تکمیل کرنا<br>To depict/ execute the required skill | تفویض کرنا<br>Render | 42 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | پیش کردہ ڈیٹا / معلومات کو ترسیم (گراف) / چارٹ / ساخت یا شکل کی صورت میں دِکھانا<br>To show given data/ information in the form of a graph/ chart/ structure or diagram | نمائندگی کرنا<br>Represent | 43 |
| کامرس میں<br>Commerce | پیش کردہ معلومات اور ڈیٹا میں سے نامعلوم اعداد و شمار دریافت کرنا<br>To find the unknown or missing figures from the given information and data | بازیافت / دوبارہ حاصل کرنا<br>Retrieve | 44 |
| اردو اور انگریزی میں<br>Languages | کسی متن یا نقشے کو پڑھتے ہوئے کسی اطلاع یا علم کے مخصوص جزو کے مقام کا معائنہ کرنا<br>To look through a text or image to locate a particular piece of information | معائنہ (اسکین) کرنا<br>Scan | 45 |

For Teaching and Learning Only

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمۂ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| سائنسز، ریاضی اور کامرس میں<br>Sciences, Mathematics and Commerce | شواہد کی مدد سے حسابی عمل، تجرباتی عمل یا تصویری خاکوں کو دکھانا<br>To demonstrate with evidence, i.e. working, calculations, experimentation or illustrations (including graphs) | دکھانا / مظاہرہ کرنا<br>Show | 46 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کسی مساوات یا کسر کو تجزیوں کے ذریعے کاٹتے ہوئے اور ایک جیسے متغیرات کی دوبارہ گروہ بندی کر کے سادہ شکل میں لانا<br>To reduce (an equation, fraction, etc.) to a simple form by cancellation of common factors, regrouping of terms in the same variables, etc. | آسان بنانا (مختصر کرنا)<br>Simplify | 47 |
| آرٹ، ریاضی اور سائنسز میں<br>Art, Mathematics and Sciences | کسی شکل یا ترسیم کے ذریعے ظاہر کرنا (جس شکل یا ترسیم کو مناسب طور پر لیبل کیا گیا ہو)۔ خاکہ مطلوبہ ساخت یا تعلق کے بارے میں عمومی خیال کو نمایاں کرتا ہو اور متعلقہ خدوخال اس میں شامل ہونے چاہئیں<br>To represent through a diagram or graph (labelled as appropriate). The sketch should give a general idea of the required shape or relationship, and should include relevant features | خاکہ بنانا<br>Sketch | 48 |
| اردو اور انگریزی میں<br>Languages | کسی اقتباس کا خلاصہ (نچوڑ) حاصل کرنے کے لیے تیزی سے پڑھنا<br>To read speedily in order to get the gist of a passage | سرسری نظر ڈالنا<br>Skim | 49 |
| تمام مضامین میں<br>All Subjects | کلیدی نکات کا اخذ کرنا اور اصل متن کو مختصر کرتے ہوئے اپنے الفاظ میں لکھنا<br>To make concise by extracting key points and paraphrasing/ writing in one's own words | خلاصہ بیان کرنا<br>Summarise[4] | 50 |

For Teaching and Learning Only

[4] تمام مضامین میں یہ تفہیمی سطح پر استعمال ہوگا جب کہ زبان و ادب میں اطلاقی سطح پر اس کا استعمال ہوگا

[4] used on understanding level in all subjects except languages where it is used in application

| عموماً درج ذیل مضامین میں استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمۂ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| اردو اور انگریزی میں<br>Languages | معلومات / نظریات کے اجزا کو جوڑتے ہوئے کچھ نیا یا عمیق کُلّی تخلیق کرنا<br>To combine elements of information/ ideas to create a new or larger whole | ترکیب و تالیف کرنا<br>Synthesise | 51 |
| سائنسز اور ریاضی میں<br>Sciences and Mathematics | چند مخصوص قوانین، اصولوں یا قاعدوں کو استعمال کرتے ہوئے کسی مفروضے یا حقیقت کی تصدیق کرنا<br>To confirm a hypothesis or fact using certain laws, principles or rules | تصدیق کرنا<br>Verify | 52 |

تفہیمی سطح '**اطلاق**' کی جانچ کے لیے مذکورہ اضافی الفاظ استعمال کیے جاسکتے ہیں: تعلقات کا اظہار، متبادل تجاویز دینا، ترجیحات وضع کرنا، وجوہات کا پیش کرنا، نتائج کی پیش گوئی کرنا

Additional words that can be used to evaluate **application:** show relationship, propose an alternative, prioritise, give reasons for, predict consequences.

For Teaching and Learning Only

اضافی الفاظ (تمام تفہیمی سطحوں کے لیے)

**Additional Words (Across Cognitive Levels)**

درج ذیل تمام الفاظ کلمۂ امر یہ ہیں اور جو سوال بناتے وقت تمام تفہیمی سطحوں کے ہمراہ تمام مضامین میں استعمال کیے جاتے ہیں۔

These words are simple command words and questioning words which can be used across cognitive levels in all the subjects.

- مکمل کرنا
  Complete
- تلاش کرنا
  Explore
- شناخت کرنا
  Find
- دے دینا
  Give
- چسپاں کرنا/نشان لگانا
  Label
- تعین کرنا
  Locate
- پڑھنا
  Read
- استعمال کرنا
  Use
- تحریر کرنا/لکھنا
  Write

For Teaching and Learning Only

حوالہ جات

**References**


1. "Answering the Question", *Oxford Advance Learners' Dictionary* (2015)
2. "*Command Terms in the Middle Years Programme"*, International Baccalaureate Organisation (2010)
3. Robert J. Marzano and John S. Kendall, *The New Taxonomy of Educational Objectives* (2007)
4. "*Taxonomy of Cognitive Objectives"*, Epsilon Learning Systems
5. *"Taxonomy of Educational Objectives"*, Benjamin Bloom (1966)


For Teaching and Learning Only